نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کماد کے کاشتکاروں کیلئے ہدایات جاری کر دیں

لاہور03 دسمبر2025 (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کماد کے کاشتکار فصل کی کٹائی جاری رکھیں۔فصل کی کٹائی سے ایک ماہ قبل پانی دینا بند کر دیں۔فصل کی کٹائی سطح زمین سے آدھا تا ایک انچ گہرا کریں۔اس سے زیرزمین پوریوں پر موجود آنکھیں زیادہ صحت مند ماحول میں پھوٹتی ہیں۔نیچے سے کاٹنے کا فائدہ یہ بھی ہے کہ مڈھوں میں موجود گروؤں کی سنڈیاں تلف ہو جاتی ہیں۔کماد کی کٹائی گنے کی اقسام اور فصل کے پکنے کو مدنظر رکھ کر کریں۔ستمبر کاشت، مونڈھی فصل اور اگیتی پکنے والی اقسام پہلے برداشت کریں۔اس کے بعد درمیانی اور پھر پچھیتی پکنے والی اقسام کی برداشت کریں۔گنا کاٹنے کے بعد جلد از جلد مل کو سپلائی کریں تا کہ وزن اور ریکوری میں کمی نہ آئے۔مونڈھی فصل رکھنے کے لیے کماد کو 15 جنوری کے بعد کاٹیں۔جن کھیتوں میں مونڈھی فصل نہ رکھنی ہو اس کھیت کو فوراً تیار کر کے سورج مکھی کی کاشت کے لیے زمین تیار کریں۔

☆☆☆☆